# ترتیب

| مضامین | مضمون نگار | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| تصریحات | بشیر انصاری ایم۔اے | ۳ |
| فقہ الحدیث | پروفیسر ساجد میر | ۵ |
| اسلامی تاریخ کی تدوین جدید | ارشد فہیم الدین | ۱۵ |
| پردہ | فضیلۃ الشیخ صالح العثیمین | ۱۸ |
| تحریک پاکستان اور اہلحدیث | قاضی محمد اسلم صاحب | ۲۸ |
| یاد رفتگان | حافظ عبدالاعلیٰ ایم۔اے | ۴۸ |
| یاد رفتگان | سید اکرم الحق | ۶۲ |

ناشر
پروفیسر حافظ ساجد میر

طابع
نفیس پرنٹرز لنک میکلوڈ روڈ لاہور

سالانہ چندہ :- ۵۰/ روپے — بذریعۃ وی پی پی ۵۵/ روپے
قیمت فی پرچہ :- ۵/ روپے — ممالک غیر سے ۱۵۰/ روپے

خط وکتابت وترسیل زر کا پتہ: ۵۰- لوئر مال لاہور

خوشنویس :- سعید ساجد

# تصریحات

ہماری جماعت بنیادی طور پہ ایک خالص دینی، علمی، تبلیغی اور سیاسی جماعت ہے. ہم نے برصغیر پاک و ہند کی گذشتہ دو صدیوں میں اس باب میں نہایت قابل قدر بلکہ قابل رشک خدمات سرانجام دی ہیں. ہمارے اسلاف کا تابناک ماضی اس کے ثبوت کیلئے شاہد عدل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اکابرین اہلحدیث نے تصنیف وتالیف، تعلیم وتدریس، رشدوہدایت تزکیہ نفس، اصلاح باطن، وعظ وتبلیغ، بحث ومناظرہ اور سیاست وصحافت میں اپنے غیر فانی اور لازوال نقوش ثبت کیے ہیں۔ جب بھی برصغیر میں اسلام کے خلاف کسی بدباطن نے سر اٹھایا تو اسکی سرکوبی اور اسلام کے دفاع کیلئے سب سے پہلے علماء اہلحدیث ہی میدان میں اترتے رہے۔ عیسائی مشنریوں، قادیانی طوفانوں۔ آریہ سماجی بدتمیزیوں کا اولین نوٹس اکابرین اہلحدیث نے لیا ہے۔ اسیطرح فتنۂ انکار حدیث، فتنہ انکار رسالت، فتنہ انکار مقام صحابہ، فتنہ انکار خلافت راشدہ، ان کے تحفظ و دفاع کیلئے علماء اہلحدیث کی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ اب بھی مختلف دینی، سیاسی، اعتقادی، معاشی، معاشرتی اور اخلاقی فتنے پورے زوروں پہ ہیں۔ حالات کا تقاضا اور وقت کی پکار یہ ہے کہ حاملینِ کتاب و سنت ان فتنوں کا انسداد کریں۔ بلکہ اسلام کی بالادستی، انسانیت کے فروغ، دینی اقدار کے احیاء مسلک اہلحدیث کی تبلیغ اور ملی استحکام کے لیے منظم ہو کر میدان عمل میں اتریں اور اپنی تمام صلاحیتوں کو ان مقاصد کیلئے وقف فرما دیں۔ وقت کا تقاضا یہ بھی ہے کہ جمعیۃ اہلحدیث پاکستان کی نگرانی میں مختلف کمیٹیاں تشکیل دی جائیں اور ایک منصوبہ بندی کے ساتھ علمی، دینی، تحقیقی، سیاسی، تنظیمی اور تبلیغی میدانوں میں اپنی سرگرمیوں کو تیز تر

کر دیں۔ جب کہ اللہ کے فضل و کرم سے ہمارے پاس علماء، فضلاء، دانشور، محققین مصنفین، مبلغین اور خطباء کی کمی نہیں ہے۔ ہمیں اُمید ہے کہ باصلاحیت حضرات اپنی خدمات مسلک اہلحدیث کیلئے وقف کر کے اپنے تابناک ماضی کی روشنی میں اپنے مستقبل کو روشن بنائیں گے۔

بشیر انصاری

۱۸ ۔ نومبر ۱۹۸۹ء

## بقیہ۔ تاریخ پاکستان اور اہلحدیث

ان کے رواں دواں اور توانا قلم میں تحریک پاکستان کو بھرپور فکری غذا مہیا کی۔ جب تک زندہ رہے پاکستان کی حمایت پاکستان کا استحکام پاکستان کا تحفظ ان کا نظریۂ حیات منشور اور نصب العین تھا

ع آہ زمیں کھا گئی آسماں کیسے کیسے

ڈھاکہ کے خواجہ ناظم الدین خواجہ شہاب الدین ان کا خاندان اور ان کے بھانجے خواجہ خیر الدین یہ تمام لوگ بھی اہلحدیث خاندان کے چشم و چراغ ہیں۔ کون خیرہ چشم تحریکِ پاکستان کی حمایت میں ان کی خدمات کو نظر انداز کر سکتا ہے۔